سوال

(493) شیعی عقائد سے متعلق اہم کتاب

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حسب استطاعت شیعہ کے عقائد بیان فرمائیں۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شیعہ کے بہت سے فرقے ہیں۔ ان میں سے غلو کے مرتکب ہیں 'کچھ (اس قدر) غلو نہیں کرتے 'آپ ان کتابوں کا مطالعہ کریں جن میں علماء نے ان کے فرقوں کی تفصیل اور ہر فرقے کا الگ الگ عقیدہ بیان کیا ہے۔ مثلاً ''مقالات الاسامیین ''تصنیف ابو الحسن اشعری ''''منہاج السنة ''تصنیف شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ ''''اَلْفَرَق بَیْنَ الْفِرَقْ ''تصنیف عبدالقاہر بغدادی رحمہ اللہ ''''المحل والنحل ''از شہرستانی رحمہ اللہ ''''اَلْمِلَلْ وَالنِّحَل ''از ابن حزم | اور ''مختصر تحفہ اثنا عشریہ ''وغیرہ 'تاکہ آپ ان کے عقائد سے بخوبی واقف ہو سکیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ